بہترین فلم

कैसे कहूं

کیسے کہوں

اداکاران

نندا ۔ وشوجیت
ناز ۔ رحمان
ادم

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے فلم کیسے کہوں کے

گانا نمبر۱ من موہن من میں تم ہی
مورے انگ انگ تم ہی سمائے
مانو یا مانو نا پیا تم ہی من موہن من میں
دیکھ دیکھ توری چھبی سانوریا
بنی ہے رادھا تمری باوریا
انگ انگ تم ہی سمائے مانو یا نا مانو
پیا تم ہی من موہن من میں

گانا نمبر۲: کیسے کہوں کیسے کہوں کیسے کہوں
تورے جیا کی بتیاں
شرمائے من تورے آگے
موری لاجوں میں کھو جائیں انکھیاں
کیسے کہوں
جب جب تیرے پاس آؤں نین ملتے ہی سدھ بدھ گنواؤں
رہ رہ کے دل میرا دھڑکے
پیا میں تجھ سے کچھ کہہ نا پاؤں
ملنا نہیں تجھ سے دوری
پھر بھی آشا نہیں ہوتی پوری

ایسا ہے کچھ حال دل کا
جیسے چھپا ہیں پیار بن ادھوری
جیسے کھلنے سے رُک جائیں کلیاں
کیسے کہوں —

گانا نمبر ۳ اے زندگی تو جھوم لے ذرا
کہہ رہی ہے تجھ سے یہ فضا
سازِ دل پہ کوئی گیت گا گا
اے زندگی —

آج ٹوٹے آنکھوں میں اُلفت کے افسانے
ڈوب گئے مستی میں دل کے جیسے پیمانے
یہ کیسا دور چلا ہے خودی کا رنگ چھا گیا
سازِ دل پہ کوئی گیت گا گا
اے زندگی —

غم کی صدا کون سُنے آج خوشی چھائی ہے
ہوش نہیں دل کی لگی جانے کہاں لائی ہے
حال یہ کیسا دل کا ہوا
جیسے رنگ ہی بدل گیا

وہ دنیا وہ منزل کل جو تھی خوابوں میں
چمکے ہے آج وہی آن بسی آنکھوں میں
ہم نے اُسے دیکھ لیا سامنا اُسی کا ہو گیا
سازِ دل پہ کوئی — اے زندگی —

گانا نمبر ۴:۔ ہولے ہولے جیا ڈولے
سپنوں کے بن میں پیا من کا پی پی بولے
ملے مجھے رسیا ہم من بسیا
خوشی کے دن آگئے
آئی میری دنیا میں جھومتی بہاریں
رنگ انوکھے چھا گئے
لاگے رے جیسے نینوں میں مدھرا کوئی گھولے
جھومے میرا منوا کمل کھلے دل کے
دنیا سہانی ہو گئی
پیا سے لگن کی سنی جو ہم نے بتیاں
ہم تو دیوانی ہو گئی
لاگے رے جیسے سیّاں گھونگھٹوا مورا کھولے
ہولے ہولے ۔۔۔
ہائے جب سیّاں تھامے موری بیّاں
لاجوں سے مر جاؤں گی
جھومیں گے کلیاں تو دوں گی دوہیّاں
ہاتھ سے آنکھ آؤں گی
نیناں ملا کے نہ جانے بلما کیا کیا بولے
ہولے ہولے ۔۔۔
گانا نمبر ۵:۔ کسی کی محبت میں
سب کچھ بھلا کے

کوئی چیز پائی ہے دل کو گنوا کے
کسی کی محبت —
بڑی چوٹ کھائی ہے دنیا لٹا کے
کسی کی محبت —

بہاروں کے دن اب ہوں گے لطف دن کی راتیں
کبھی ہم کہیں گے اُن سے کچھ دل کی باتیں
کبھی مل کے گائیں گے ترانے وفا کے
کسی کی محبت —

یہ سانسوں کی ڈوری اپنی جب تک چلے گی
محبت کی شمع یوں ہی دل میں جلے گی
اسے کیا بجھائیں گے جھونکے ہوا کے
کسی کی محبت —

کہیں پیار غنچہ بن کے مہکتا ہے دل میں
کہیں پیار کانٹا بن کے چبھتا ہے دل میں
محبت نبھائیں گے ہم مسکرا کے
کسی کی محبت —

گانا نمبر ۶:— تم ہمیں پیار کرو یا نہ کرو
ہم تمہیں پیار کئے جائیں گے
چاہے قسمت میں خوشی ہو کہ نہ ہو
غم اٹھا کے ہی جئے جائیں گے
ہم نہیں وہ جو غم عشق سے گھبرا جائیں گے

ہو کے مایوس زباں پر کوئی شکوہ لائیں
چاہے کتنا ہی بڑھے دردِ جگر
اپنے ہونٹوں کو سیئے جائیں گے
تم ہمیں —
تم سلامت ہو تو ہم چین بھی پا ہی لیں گے
کسی صورت سے لگی دل کی بجھا ہی لیں گے
پیار کا جام ملے یا نہ ملے
ہم تو آنسو بھی پیئے جائیں گے
تم ہمیں —
توڑ دی آس تو پھر اتنا ہی احسان کرو
دل میں رہنا جو نہ چاہو تو نظر میں ہی رہو
پھانس لگتی ہے جو دل پر تو لگے
غم اٹھا کر ہی جیئے جائیں گے
تم ہمیں —
گانا نمبر ۷:— دِل کا درد نرالا
کس کو سناؤں کوئی نہیں ہے
آج سمجھنے والا — دِل کا —
کھلتے ہوئے ایک پھول کو جیسے
اپنی چمک معلوم نہ ہو
جلتے ہوئے ایک دیپ کو جیسے
اپنی چمک معلوم نہ ہو

دِل میں یوں ہی تیرے پیار کا تھا
ایک انجانا اُجالا - دِل کا --
میں ہوں صنم اب بھی تیرا موت بھی ہے منظور مجھے
پر وہ سزا میں سہہ نہ سکوں گا
کر دے جو تجھ سے دور مجھے
دِل سے بھلا دے میری خطائیں
توڑ دے غم کا جالا - دِل کا --
بکھرے ہوئے ہیں تار تو کیسے دِل کا سنائے ساز کوئی
دور ہوا من کا میت تو کیسے گیت آواز کوئی
آجا تجھ بن رات ہے سونی دِن کا رنگ ہے کالا
دِل کا درد --

ختم شد

صنعت و حرفت کی کتابیں

الیکٹرک گائڈ	4/-/-	تیل عطر سازی	2/-/-
ورکشاپ گائڈ	4/-/-	گھڑی سازی	2/8/-
موٹر کار گائڈ	4/-/-	ریڈیو گائڈ	4/-/-
گھروں کی بجلی	5/-/-	صابون سازی	1/8/-
بجلی ونشکر ما ڈینو	6/-/-	مکمل مرغی خانہ تین حصہ	4/-/-
الیکٹرک وائرنگ	4/-/-	تمباکو کی دوکان	2/-/-
خراد سنگتا	3/-/-	بوٹ پالش بنانا	2/8/-
آئل انجن گائڈ	5/-/-	سینما مشین آپریٹر	4/-/-
کپڑے رنگنے کا ہنر	2/-/-	شیشہ سازی	2/-/-
مکمل فوٹوگرافی	2/8/-	اچار مربے چٹنی	1/8/-
روشنائی سازی	2/-/-	باورچی خانہ	2/8/-
خوبصورت بنو	1/8/-	مجموعہ نالنام	1/-/-
ٹریکٹر گائڈ	4/-/-	بیکری بسکٹ بنانا	2/-/-
جنتری پیمائش چوب	1/4/-	بجلی کا ریڈیو بنانا	1/8/-
کپڑے دھونے کا ہنر	2/-/-	آسان انگلش ٹیچر	2/-/-
کاشتکاری باغبانی	4/-/-	دھوپ گھڑی بنانا	1/8/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(سود لیتھو پریس دہلی)